ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | جمعتہ المبارک 04 جولائی 2025ء، 08 محرم الحرام 1447ھ، 19 ہاڑ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 71

راولاکوٹ: ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، جرائم کے خاتمے کے لیے ہنگامی اقدامات پر اتفاق

عوامی سہولیات کے منصوبہ جات پر فوکس رکھنے، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں، منشیات، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ اور مصنوعی مہنگائی جیسے مسائل کو حل کرنے کے لیے بین الادارہ جاتی تعاون کو ضروری قرار

تمام اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا، عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت و معیاری تکمیل اور نئے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے مربوط اور ہمہ وقت کوششیں ناگزیر ہیں، اتفاق

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق خان نے کہا ہے کہ ضلع پونچھ کو ایک مثالی، پرامن اور ترقی یافتہ علاقہ بنانے کے لیے تمام اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت و معیاری تکمیل اور نئے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے مربوط اور ہمہ وقت کوششیں ناگزیر ہیں۔ وہ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جو آفیسرز کلب میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی پونچھ محمد ریاض مغل، مہتمم شاہرات، مہتمم عمارات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عباسپور، راولاکوٹ سمیت دیگر آفیسران و اہم اداروں کے افسران شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہ ضلع بھر میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام ادارے اپنی اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں تاکہ عوام کو ریلیف ملے۔ (بقیہ 31 صفحہ 03)

راولاکوٹ: ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق خان کوآرڈینیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برطانوی رکن پارلیمان کو کشمیر کی صورتحال پر سخت تشویش

وزارت خارجہ کی توجہ مبذول کرائیں گے، محمد غالب و دیگر کو یقین دہانی

برمنگھم (کے پی آئی) برطانوی پارلیمان کے رکن بیرسٹر ایوب خان نے کشمیری رہنماؤں شبیر شاہ، یاسین ملک، ڈاکٹر عبدالحمید فیاض کو بھارتی جیل میں علاج معالجے سے محروم رکھنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس معاملے پر برطانوی وزارت خارجہ کی توجہ مبذول کرائیں گے بیرسٹر ایوب خان کشمیری تارکین وطن رہنماؤں تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب سابق کونسلر راجہ شوکت (بقیہ 32 صفحہ 03)

دریاؤں میں طغیانی، دو بچوں سمیت چار افراد جاں بحق ہو گئے

شہری ان دنوں دریاؤں کے پاس جانے سے گریز کریں، ایس ڈی ایم اے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) اسٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ آزاد کشمیر (ایس ڈی ایم اے) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق جمعرات کو آزاد کشمیر میں مختلف حادثات میں چار قیمتی جانیں پانی میں ڈوب کر ضائع ہو گئیں۔ ان میں دو کا تعلق نیلم ویلی جبکہ دو کا ڈڈیال سے ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ آزاد کشمیر بھر میں دریاؤں، ندی نالوں، اور ڈیمز کے کنارے جانے پر دفعہ 144 نافذ ہے۔ ان مقامات پر (بقیہ 30 صفحہ 03)

ای او بی آئی نے نان رجسٹرڈ کمپنیوں کی مکمل تفصیلات طلب کر لی گئیں

جس پرائیویٹ کمپنی میں دس یا اس سے بھی زیادہ ملازم کام کر رہے ہوں ان کی رجسٹریشن کروانا ضروری ہے

ای او بی آئی میں رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، وفاقی محتسب کی دورہ کے دوران ہدایات

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد آفتاب خان، کنسلٹنٹ خالد بیگ، انوسٹی گیشن آفیسر کفیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر (بقیہ 29 صفحہ 03)

وزیراعظم یا چیف سیکرٹری کو کوئی نوٹس جاری نہیں کیا گیا، سپریم کورٹ

عدالت گرامی نے ایک مقدمہ میں ریسپانڈنٹ نمبر 6 (وزیر قانون آزاد حکومت) سے وضاحت طلب کی ہے

صحافی، میڈیا ہاؤسز، اخبارات سپریم کورٹ سے متعلقہ کسی بھی قسم کی خبر شائع کرنے سے قبل تحقیق کریں، پریس ریلیز

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر نے سید شوکت علی شاہ کیس میں وزیراعظم آزاد کشمیر یا چیف سیکرٹری کو کوئی نوٹس جاری نہیں کیا بلکہ وزیر قانون سے وضاحت طلب کی ہے۔ رجسٹرار سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کی جانب سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق مورخہ 3 جولائی 2025 کو کچھ اخبارات کی شہ سرخیوں میں خبر شائع کی گئی ہے کہ سپریم کورٹ میں مقدمہ عنوانی سید شوکت علی شاہ بنام چوہدری انوار الحق وغیرہ'' (بقیہ 33 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی زیر صدارت معیشت بارے اجلاس

ن لیگ کا اجلاس، آزاد کشمیر سے متعلق اہم فیصلے

آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات آئندہ سال ہوں گے، سیاسی جماعتوں کے ''جوڑ توڑ'' کا سلسلہ شروع ''پاکستان مسلم لیگ ن اور ''پاکستان پیپلز پارٹی'' کے درمیان فارمولہ طے ہونے کا امکان

اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان کی زیر صدارت اجلاس، مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کی قیادت، وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام، سردار محمد یوسف وفاقی وزیر مذہبی امور نے شرکت کی، اہم فیصلے کیے گے

اسلام آباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات آئندہ سال کے وسط میں ہوں گے لیکن رواں سال سے ہی سیاسی جماعتوں کے ''جوڑ توڑ'' کا سلسلہ شروع ہے اور زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ ان انتخابات میں پاکستان میں برسراقتدار سیاسی جماعتیں ''پاکستان مسلم لیگ ن اور ''پاکستان پیپلز پارٹی'' آزاد کشمیر میں اپنی جماعتوں کو ایک طے شدہ فارمولے کے تحت انتخابی میدان میں اتاریں گی۔ گزشتہ ہفتے کے دوران دولت کے اعتبار سے قد آور شخصیات ان سیاسی جماعتوں میں شامل ہوئی ہیں اور پی پی پی اور ن لیگ کی مرکزی قیادت نے ان کا خیر مقدم کیا۔ جمعرات کو وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور کے آفس میں آزاد جموں کشمیر کے جملہ معاملات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام، سردار محمد یوسف وفاقی وزیر مذہبی امور، پاکستان مسلم لیگ ن آزاد جموں کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر صدر، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان، راجہ مشتاق منہاس، چوہدری طارق (بقیہ 34 صفحہ 03)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان کی زیر صدارت اجلاس، شاہ غلام قادر صدر، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان، راجہ مشتاق منہاس، چوہدری طارق فاروق، ڈاکٹر نجیب نقی و دیگر شریک

آئینی نظام تحریک آزادی کے شہداء کے صدقے قائم ہے، وزیراعظم

3 روپے یونٹ بجلی کے ریٹس کے بعد پہلی شرط یہ ہونی چاہیے تھی کہ 99 فیصد لوگ بجلی بلات کی ادائیگی یقینی بنائیں

ماورائے انسانی کام میرے اختیار میں نہیں، عوام کی خدمت کو عبادت سمجھتا ہوں، بلاتفریق خدمت کا مشن جاری رہے گا

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق نے محکمہ برقیات کے لیے اوپریشن ڈویژن مظفرآباد 2 کے منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سپیکر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر، موسٹ سینئر وزیر کرنل ریٹائرڈ وقار احمد نور، وزرائے حکومت چوہدری رشید، دیوان علی خان چغتائی، چوہدری اظہر صادق، سید بازل نقوی، عبدالماجد خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے چیف انجینئر برقیات مظفرآباد ضیاء اکبر سے منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ لی، اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے (بقیہ 48 صفحہ 03)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق، سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر و دیگر اپریشن ڈویژن مظفرآباد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر آزاد کشمیر سے وزیر آئی ٹی ضیاء القمر و دیگر کی ملاقات

آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورت حال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار ضیاء قمر اور ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل شجاع راٹھور کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر ملاقات میں صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی آزاد حکومت ریاست جموں (بقیہ 50 صفحہ 03)

وزیر خزانہ کی سیویل کانفرنس کے موقع پر اعلیٰ سطحی ملاقاتیں

سیویل (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اسپین کے شہر سیویل میں جاری چوتھی بین الاقوامی کانفرنس برائے فنانسنگ فار ڈویلپمنٹ (ایف ایف ڈی فور) کے موقع پر مختلف ممالک اور عالمی اداروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی (بقیہ 49 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار ضیاء قمر کی ملاقات

قومی سول ایوارڈز کیلئے نامزدگیوں کا جائزہ اجلاس

حکومت میرٹ، شفافیت پر سختی سے کاربند ہے، خالد حسین مگسی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی زیر صدارت قومی سول ایوارڈز کے لیے نامزدگیوں کا جائزہ اجلاس ہوا۔ وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ حکومت میرٹ، شفافیت اور کارکردگی کے اصولوں پر سختی سے کاربند ہے، سائنس اور تحقیق میدان میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ماہرین کو قومی اعزازات کے لیے زیر غور (بقیہ 47 صفحہ 03)

ریاست یتیم خانہ نہیں ہے، وزیر دفاع خواجہ آصف

پی ٹی آئی سے مذاکرات گن پوائنٹ پر تو نہیں ہوں گے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات گن پوائنٹ پر تو نہیں ہوں گے، اشرافیہ کی مراعات کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے ریاست یتیم خانہ نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر دفاع خواجہ آصف نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ مذاکرات گن پوائنٹ پر تو نہیں ہوں گے کہ آپ ہمیں تحریک کی دھمکی د (بقیہ 46 صفحہ 03)

کشمیر بنک کی 88 ویں برانچ کا رحیم کوٹ میں افتتاح

تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، عوام مستفید ہوگی، ذمہ داران کا خطاب

مظفرآباد (دھرتی نیوز) بینک آف آزاد جموں وکشمیر کی 88 ویں برانچ کا چکار کے علاقے رحیم کوٹ میں افتتاح کر دیا گیا۔ گزشتہ روز رحیم کوٹ برانچ کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر اور وزیر خزانہ و کوآپریٹو اور چیئرمین (بقیہ 45 صفحہ 03)

کاسمیٹک و ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے مابین یادداشت پر دستخط

یادداشت کا مقصد دونوں اداروں کے مابین اشتراک کو مضبوط بنانا ہے، تاکہ ریگولیٹری صلاحیت کو بڑھایا جا سکے

ترجیحی شعبوں میں دوا سازی، ویکسین سازی، بائیوٹیکنالوجی، متبادل ادویات، اور ڈیجیٹل صحت کا ریگولیشن بھی شامل

اسلام آباد (صباح نیوز) سائنس و ٹیکنالوجی کے شعبے میں ترقی اور ریگولیٹری نظام کی بہتری کے لیے اسلامی تعاون تنظیم کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی تعاون (کامسٹیک) اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (DRAP) کے درمیان مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ معاہدہ پر دستخط کرنے کی تقریب کامسٹیک کے مرکزی دفتر اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد (بقیہ 35 صفحہ 03)

صدر آزاد کشمیر کی راجہ ذوالفقار کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے (بقیہ 37 صفحہ 03)

ہم سب کو متحد رہنا ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

ایران اسرائیل جنگ بندی میں پاکستان کا کردار اہم تھا، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایران اسرائیل کے درمیان سیز فائر میں وزیراعظم کا اہم کردار ہے، جنگ بندی کے پیچھے بھی وردی ہے، سیز فائر پر (بقیہ 36 صفحہ 03)

باجوڑ دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی کی ابتدائی رپورٹ تیار

پشاور (صباح نیوز) باجوڑ دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی نے ابتدائی رپورٹ تیار کر لی، واقعہ میں ملوث 7 مبینہ دہشت گردوں (بقیہ 39 صفحہ 03)

محکمہ زکوٰۃ و عشر آزاد کشمیر کی 66 مریضوں کیلئے رقم فراہم

علاج معالجہ کیلئے 3 کروڑ 84 لاکھ 22 ہزار 9 صد 52 روپے کی فراہمی

مظفرآباد (پی آئی ڈی) نظامت اعلیٰ زکوٰۃ و عشر آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق حکومت آزاد کشمیر محکمہ زکوٰۃ و عشر کے ذریعہ ریاست (بقیہ 38 صفحہ 03)

پولیو کے خاتمے کے لیے آزاد حکومت کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، وزیراعظم پاکستان

صوبائی حکومتوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو پولیو کے خاتمے کے لئے یکجان ہو کر مزید تیزی اور بہترین کے ساتھ کام کرنا ہوگا

چیلنجز کے باوجود حکومت اپنے بین الاقوامی اور صوبائی، مقامی تمام ٹیم کی مدد سے پاکستان سے انسداد پولیو کے ہدف کو جلد حاصل کر لے گی

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، پولیو ورکرز کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے، صوبائی حکومتوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو پولیو کے خاتمے کے لئے یکجان ہو کر مزید تیزی سے کام کرنا ہوگا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو کی ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں انسداد پولیو اور سائنٹ بورڈ کے صدر و صدر گلوبل ڈیولپمنٹ، گیٹس فاؤنڈیشن ڈاکٹر کرسٹوفر ایلیاس کی زیر قیادت پولیو اور سائنٹ بورڈ کے اراکین نے شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے (بقیہ 51 صفحہ 03)

راولاکوٹ: موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے اہم فیصلے

پانی ذخیرہ کرنے کے لیے تالاب اور شجرکاری جیسے اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں جس کیلئے انتظامیہ فعال اور متحرک کردار ادا کرے گی

عالمی سطح پر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات تیزی سے بڑھ رہے ہیں جن کا براہ راست اثر ہمارے خطے پر بھی پڑ رہا ہے، کمشنر پونچھ ڈویژن کی گفتگو

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن کی زیر صدارت موسمیاتی تبدیلیوں سے درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی پولیس ریجن سردار ظہیر احمد سمیت ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق، ڈپٹی کمشنر حویلی راجہ عمران شاہین، ڈپٹی کمشنر باغ راجہ صداقت خان، سپرنٹنڈنٹ پولیس پونچھ محمد ریاض مغل، باغ راجہ اکمل، سدھنوتی راجہ ندیم عارف، حویلی عطاء الرحمٰن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راولاکوٹ سردار عبدالقادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر باغ محترمہ عفت اعظم، اسسٹنٹ کمشنر پلندری سردار محمد پرویز خان، اسسٹنٹ (بقیہ 40 صفحہ 03)

خدمت کا سفر ہمیشہ جاری رکھیں گے، وزیر بہبود آبادی

عوام سے کیئے گئے وعدے پورے کر لیئے، سردار محمد حسین ایڈووکیٹ

پلندری (بیورو رپورٹ) وزیر بہبود آبادی سردار محمد حسین ایڈووکیٹ کے اعزاز میں پلندری پنیالی کے مقام پر ڈیزائن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار محمد حسین شاندار پروگرام کا انعقاد کیا گیا (بقیہ 53 صفحہ 03)

9 اور 10 محرم الحرام، سیکورٹی کے لیے فوج تعینات کرنے کا فیصلہ

صوبائی، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان حکومتوں کی سیکورٹی کے لیے درخواست

اسلام آباد، مظفرآباد (دھرتی نیوز) وفاقی حکومت نے عاشورہ کی مناسبت سے 9 اور 10 محرم الحرام کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے (بقیہ 52 صفحہ 03)

اسد قیصر کی سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات

دو طرفہ تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال، دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے سعودی سفارت خانے میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دو طرفہ تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کر (بقیہ 54 صفحہ 03)

وزیراعظم محمد شہباز شریف دو روزہ دورے پر آذربائیجان روانہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقتصادی تعاون (بقیہ 42 صفحہ 03)

جنیوا: بھارت امرناتھ یاترا کو مذہبی آلے کے طور پر استعمال کر رہا ہے، وفد

کشمیری مسلمانوں نے ہمیشہ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا ہے اور ان کی مذہبی رسومات کا احترام کیا ہے

کشمیر کی وادی ایک سیکورٹی زون بن گئی ہے، مقامی باشندوں کی نقل و حرکت کو محدود کر دیا گیا ہے، تشویش کا اظہار

سوئٹزرلینڈ (دھرتی نیوز) ہندوستانی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کی نمائندگی کرنے والے ایک وفد نے جنیوا میں سرکردہ انسانی حقوق کارکنوں اور اقوام متحدہ کے ماہرین کے ساتھ ملاقاتوں کا دو سلسلہ شروع کیا گیا الفاظ پذیر ہوا، جس میں ہندوستان کے زیر قبضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی (بقیہ 41 صفحہ 03)

راولاکوٹ: فوڈ اتھارٹی کے چھاپے، بیکریز، جنرل اسٹور کا سامان تلف

فوڈ اتھارٹی عوامی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کی ایسی کوششیں جاری رکھے گی جو عوام کیلئے سودمند ہوں

نان compliant اداروں کیخلاف مزید اقدامات کیے جائیں گے تاکہ فوڈ کی کوالٹی کو برقرار رکھا جا سکے، ڈی ایف سی

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) فوڈ اتھارٹی پونچھ نے سپلائی بازار کے بیکریز، جنرل اسٹور، ہول سیلرز اور اشیاء خورد و نوش لانے والی گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی۔ دوران پڑتال غیر معیاری اشیاء خورد و نوش بازائد المیعاد اشیاء برآمد ہونے پر فوڈ بزنس آپریٹرز کو وارننگ نوٹس جاری کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے اور غیر معیاری اشیاء خورد و نوش کو بھی موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر سید عدنان نقوی کا کہنا تھا کہ فوڈ اتھارٹی عوامی صحت اور (بقیہ 55 صفحہ 03)

جدوجہد آزادی میں سوشل میڈیا کا کردار ناگزیر قرار

نوجوان کشمیریوں کی مضبوط و متحرک آواز بنیں، سیکرٹری لبریشن سیل

راولپنڈی (پی آئی ڈی) سیکرٹری جموں وکشمیر لبریشن سیل ریاست حسین مغل نے کشمیر کی جدوجہد آزادی میں سوشل میڈیا کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید دور میں سوشل میڈیا بھارتی پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے اور مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے کے لیے ایک مؤثر ہتھیار ہے۔ ان خیالات (بقیہ 43 صفحہ 03)

گورنر خیبر پختونخوا کی میری حکومت گرانے کی حیثیت نہیں، علی امین

پشاور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ گورنر خیبر پختونخوا کی میری حکومت گرانے کی حیثیت (بقیہ 44 صفحہ 03)

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydhartiajk.com Mdailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر عابد صدیق ★ ایڈیٹر عمر خیام

عنوان: پروفیکٹر آفسز کی بندش—ایک ناقابلِ فہم فیصلہ

حکومت پاکستان کی جانب سے راولاکوٹ اور باغ میں قائم پروفیکٹر آفسز کے ذیلی دفاتر کو بند کرنے کا فیصلہ اور اس ضمن میں جاری کیا گیا نوٹیفکیشن باعثِ تشویش ہے۔ نوٹیفکیشن میں اس اقدام کی وجہ "مالیاتی رکاوٹیں" اور "انتہائی کم عوامی استعمال" کو قرار دیا گیا ہے، لیکن زمینی حقائق اس سے یکسر مختلف اور اس فیصلے کے خلاف ایک مضبوط دلیل پیش کرتے ہیں۔ پونچھ ڈویژن، بالخصوص راولاکوٹ اور ملحقہ علاقوں سے ہر سال سینکڑوں نوجوان بیرونِ ملک ملازمت کے لیے روانہ ہوتے ہیں۔ ان کے لیے پروفیکٹر آفسز محض قانونی تقاضے پورے کرنے کا ایک لازمی ذریعہ تھے بلکہ سفری دستاویزات کی جلدی اور آسان تکمیل میں سہولت فراہم کرتے تھے۔ ان دفاتر کی بندش نہ صرف نوجوانوں کی مشکلات میں اضافہ کرے گی بلکہ انہیں اب مزید اخراجات اور دور دراز شہروں کا سفر کر کے پروفیکٹر خدمات حاصل کرنا ہوں گی، جو پہلے ان کے اپنے شہر میں دستیاب تھیں۔

یہ فیصلہ اس وقت مزید ناقابلِ قبول بن جاتا ہے جب اس پر مقامی آبادی کی جانب سے شدید ردِعمل سامنے آ رہا ہے۔ مختلف سماجی و سیاسی حلقے اور شہری یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اس فیصلے کو فی الفور واپس لیا جائے، بصورتِ دیگر احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اس معاملے کو سنجیدگی سے لے، اور دفتر کی بندش کے بجائے بدانتظامی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائے۔ پونچھ ڈویژن جیسے علاقے کو سہولتوں سے محروم کرنا کسی طور پر بھی قابلِ قبول نہیں، بالخصوص ایسے وقت میں جب نوجوان روزگار کے حصول کے لیے بیرونِ ملک جانے کے خواہش مند ہوں۔ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کو مدِنظر رکھتے ہوئے نوٹیفکیشن کو معطل کرے، دفتر کی فعالیت کا ازسرِنو جائزہ لے، اور متعلقہ ذمہ داران کو ان کی غفلت پر جوابدہ بنائے۔ بصورتِ دیگر یہ اقدام عوامی اضطراب اور احتجاج کی راہ ہموار کرے گا جس کی ذمہ داری سراسر انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

ماڈل سائنس کالج کا درد

کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ڈاک بنگلے کی شمال کی طرف شہر حراست کی مشرقی اوٹ میں گاڑیوں کی ایک لمبی قطار اور عوام کی جمِ غفیر سے یہ گمان ہوا کہ اس جنگل میں مشکل کیوں ہے؟ کیا کسی خاندان نے زندگی کی کسی ذمہ داری قبول لی ہے؟ یہاں تو کوئی سامنے بندھن کی تکمیل کی سہیل بھی کو نہیں پھر یہ گاڑیوں کی لمبی قطاریں اور یہ جوش و خروش کسی شاہی بیرم کا یقینی عنوان ہوگا۔ ڈاک بنگلے سے ذرا آگے آئیں تو پہلے کی طرف جناب کلیم افضل سابق طالب علم رہنما کا ایک عدد آشیانہ ہے۔ اس کے بیرونی در میں سینکڑوں کرسیاں ہیں۔ خوبصورت شامیانے سائبان ہوئے ہیں۔ کسی بڑی میٹنگ کا گمان ہوتا ہے۔ قریب گئے تو دیکھا کہ بچپن اور لڑکپن کی تشنگی سے نمودار ہوئیں اور پہنچ ایک بہت بڑی تعداد میں یہاں ہال سائنس کالج میں داخلہ لینے کے لیے معصوم چہروں اور روشن خوابوں کے ساتھ وقت دینے آئے ہیں۔ یقین چاہیے یہ بزم بے ماحول، یہ جوش، یہ انتظام و انصرام ذکیہ کر یقین نہیں آ رہا تھا کہ یہ کسی سرکاری کالج کے لیے نیشت کا بندوبست کیا گیا ہے۔ کچھ غیر ہی انتظام اور اہتمام تو قابل دید تھا ہی لیکن تمنیتیں کے چہروں پر جو عزم اور حوصلہ کی تحریریں تھیں وہاں کے دل بیدار کی خاص تھیں۔ پھر شخصی ارتقا میں دیدہ فرش راہ کیے ہوئے تھا۔ ہر شخص یقین پھیلائے اپنے مہمانوں کو خوش امدید کہہ رہا تھا۔ اب خاموش تھے لیکن تھیں اور دل تمنیں اور تشکر کے جذبات سے مامور تھے۔ کلیم صاحب کا گھر ایک گلشن کا منظر پیش کر رہا تھا۔ مگر کے لگ کر سے علم اور عزم کے لوگ جنگلا رہے تھے۔ سب سے بہت کو جو چیز قابل تحسین تھی وہ ماڈل کلاس روم تھا۔ پروفیکٹر سے لے کر ہر جدید سہولت سے آراستہ تھا۔ یہ کلاس روم حکومت نے تعلیمی اداروں کے اندر دینے شروع کر دیے تھے۔ جن میں ہر گزشتہ اس سب کے پیچھے کسی کا عزم، کسی کا جذبہ اور کسی کا حوصلہ کارفرما تھا۔ مہمانوں کی تواضع کا سامان بھی تھا۔ تمنیتین ہر طرح کی عزت کے ساتھ خوش امدید بھی کہہ رہے تھے۔ 400 سے اوپر بچوں نے ٹیسٹ میں شمولیت کی۔ کیمپیئر سرٹیفکیٹ اور بھر آدھے گھنٹے میں نتائج کا اعلان اور پہلی تین پوزیشنوں کو نقد انعامات۔ الغرض ہر چیز قابل تعریف اور ہر ادا قابل تحسین تھی۔ یہ سب بتا رہا تھا کہ اب سرکاری تعلیمی ادارے میں ہوں یا نجی تھا کہ جس کی اپنی بلند کہ ایسی بنک کنٹرول قوتیں کی مستحق ہے۔ سناٹے کے معاملہ یہی تعلیمی ذمہ داروں کی خصوصی قوتیں کا مستحق ہے۔ جہاں یہ اور خلاقیتی سرچشمی کا منظر ہے وہیں یہ سوال سوسائٹی کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس کی اوڑھ شپ ہے۔ اس کی مکانیت کا مسئلہ بھی فوری قوتیں کا متقاضی ہے۔ اداروں سے ہی کسی ملک اور معاشرے کی ترقی کا سفر طے ہوتا ہے۔ ہمیں وسائل کی تخصیص و درست سمت میں کرنے کے لیے اپنے جسے کا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس ادارے کو پروفیسر جم صاحب کی شرافت، پروفیسر رشید صاحب کی لگن اور پروفیسر ذاکر صفدر صاحب کا عزم، مہارت و جذبہ اور پروفیسر نیاز صاحب کا درد دل میسر آیا ہے۔ ہر ایک نے اپنی اپنی جگہ کا حق ادا کیا ہے۔ ڈاکٹر صغیر صاحب نے پانچ عدد پوشیں اور الماریوں کے لیے کتب کی صورت میں اپنے حصے کا فریضہ ادا کیا۔ انہوں نے زمین کی انٹرنیٹ اور آسمان کے حوالے سے بھی قابل "پہنچ" لگا کر فانی آگے تک پہنچایا۔ لیکن منزل ابھی دو چار لب بام سے یہ ٹھہرا ہوا کہ اس جنگل میں مشکل کیوں ہے؟ کیا کسی خاندان نے زندگی کی کسی ذمہ داری قبول لی ہے؟ یہاں تو کوئی سامنے بندھن کی تکمیل کی سہیل بھی کو نہیں پھر یہ گاڑیوں کی لمبی قطاریں اور یہ جوش و خروش کسی شاہی بیرم کا یقینی عنوان ہوگا۔ ڈاک بنگلے سے ذرا آگے آئیں تو پہلے کی طرف جناب کلیم افضل سابق طالب علم رہنما کا ایک عدد آشیانہ ہے۔ اس کے بیرونی در میں سینکڑوں کرسیاں ہیں۔ خوبصورت شامیانے سائبان ہوئے ہیں۔ کسی بڑی میٹنگ کا گمان ہوتا ہے۔ قریب گئے تو دیکھا کہ بچپن اور لڑکپن کی تشنگی سے نمودار ہوئیں اور پہنچ ایک بہت بڑی تعداد میں یہاں ہال سائنس کالج میں داخلہ لینے کے لیے معصوم چہروں اور روشن خوابوں کے ساتھ وقت دینے آئے ہیں۔ یقین چاہیے یہ بزم بے ماحول، یہ جوش، یہ انتظام و انصرام ذکیہ کر یقین نہیں آ رہا تھا کہ یہ کسی سرکاری کالج کے لیے نیشت کا بندوبست کیا گیا ہے۔ کچھ غیر ہی انتظام اور اہتمام تو قابل دید تھا ہی لیکن تمنیتین

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

میونسپل کارپوریشن ترقیاتی فنڈز کی تفصیلات پبلک کرنے کا مطالبہ

راولاکوٹ کے ترقیاتی فنڈز پر پراسرار خاموشی، 10 جون کی ڈیڈ لائن، مختلف سیاسی جماعتوں کی شدید تشویش

میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ٹیکس کے پیسے سے چلنے والی اسکیموں کی تفصیلات مسلسل چھپائی جا رہی ہیں، تنقید

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ کے گزشتہ دو برسوں میں خرچ کیے گئے 5 کروڑ روپے سے زائد کے ترقیاتی فنڈز کی تفصیلات پبلک نہ کیے جانے پر خواجہ عمران اشرف کی کال پر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے سخت ردعمل دیتے ہوئے سات رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے، جبکہ میئر میونسپل کارپوریشن سردار فہیم کی مسلسل خاموشی نے معاملے کو مزید مشکوک بنا دیا ہے۔ اس حوالے سے ایک اہم اجلاس ٹاپ ہوٹل راولاکوٹ میں منعقد ہوا جس میں جماعت اسلامی، مسلم کانفرنس، مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور جمعیت علماء اسلام کے مقامی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں (بقیہ 01 صفحہ 03)

راولاکوٹ: ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر عدنان نقوی، اسسٹنٹ فوڈ سیفٹی افسر ہاشم افتخار غیر معیاری اور زائد المیعاد اشیاء تلف کر رہے ہیں

کشمیری قیدیوں کو جیل کے اندر مارنے کا بھارتی منصوبہ

دو سال میں 8 کشمیری علاج نہ ہونے کی وجہ سے جیل میں دم توڑ گئے

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت کشمیری قیدیوں کو جیل میں بنیادی سہولیات اور علاج معالجے سے محروم رکھ کر مارنے کے منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ اس منصوبے کے تحت گزشتہ دو سال کے دوران جموں کے کوٹ بھلوال جیل میں آٹھ کشمیری علاج معالجے کی سہولت نہ ملنے کی وجہ سے دم توڑ چکے ہیں۔ جموں کی کوٹ بھلوال جیل میں کشمیری قیدیوں کو علاج معالجے اور مناسب خوراک کی بنیادی (بقیہ 02 صفحہ 03)

بنوں، تھانے پر کواڈ کاپٹر ڈرون حملہ، دو شہری معمولی زخمی

بنوں (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں دہشتگردوں نے ایک بار پھر تھانہ میریان کو نشانہ بنایا ہے، جہاں کواڈ کاپٹر ڈرون کے ذریعے بارودی مواد پھینکا گیا۔ حملے میں دو شہری (بقیہ 03 صفحہ 03)

سرینگر، ڈاکٹر عبدالباری نائیک اور اسد اللہ پرے گرفتار

کالے قانون پی ایس اے کے تحت گرفتار کیا گیا، کشمیریوں کی تشویش

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر کے معروف استاد اور سماجی کارکن ڈاکٹر عبدالباری نائیک کو سری نگر میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ 2021 میں ڈاکٹر عبدالباری نائیک کو سرکاری ملازمت سے برطرف کر دیا گیا تھا۔ انہیں کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جیل بھیج دیا گیا تھا دو سال بعد وہ رہا ہوئے تھے۔ گزشتہ روز انہیں سری نگر میں گرفتار کیا گیا یاد رہے اس قانون کے تحت کوئی بھی پولیس اہلکار (بقیہ 04 صفحہ 03)

مولانا سید محمود میاں کی رحلت پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے جمعیت علماء اسلام صوبہ پنجاب کے امیر مولانا سید محمود میاں کی رحلت پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی دینی و ملی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاق المدارس العربیہ پا (بقیہ 05 صفحہ 03)

ن لیگ آمدہ انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، توصیف عزیز

صبح شام سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے والے عوام کی نظروں میں ہیں، عوام وقتی لوگوں کو بخوبی جانتے ہیں

ضمیر فروشوں کو آئندہ عام انتخابات میں عوام اپنے ووٹ کے ذریعے انہیں انکی اوقات لازماً دکھا دیں گے، رہنما ن لیگ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و ایس چیئرمین فرینڈز انٹرنیشنل گروپ سردار توصیف عزیز نے کہا کہ انشاء اللہ مسلم لیگ ن 2026 کے عام انتخابات میں بھرپور طریقے سے الیکشن میں اترے گی، شاہ غلام قادر صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے وزیراعظم منتخب ہوں گے مسلم لیگ ن انشاء اللہ واضح اکثریت سے حکومت بنائے گی۔ صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سردار توصیف عزیز نے کہا کہ صبح شام سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے والے عوام کی نظروں میں ہیں، عوام بخوبی (بقیہ 06 صفحہ 03)

باغ: اسسٹنٹ کمشنر سید کلیم عباس، صدر انجمن تاجران ودیگر بازار میں جگہ جگہ پارکنگ کے خلاف گرینڈ آپریشن کر رہے ہیں

عمران خان کی ضمانتیں مسترد ہونے کا تحریری فیصلہ

جسٹس شہباز کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ کا 7 صفحات پر مشتمل فیصلہ

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت مسترد ہونے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہباز علی رضوی کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے 7 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے تحریری فیصلے (بقیہ 07 صفحہ 03)

مالی، سیمنٹ فیکٹری میں کام کرنیوالے 3 بھارتی شہری اغوا

باماکو (صباح نیوز) مغربی افریقی ملک مالی کے مغربی علاقے کیز میں واقع ایک سیمنٹ فیکٹری پر دہشتگرد حملے کے دوران 3 بھارتی شہریوں کو اغوا کر لیا گیا۔ بھارتی وزارت خارجہ اور مقامی حکام نے تصدیق کی ہے کہ ان افراد کو ایک کالعدم (بقیہ 08 صفحہ 03)

کپواڑہ میں قابض انتظامیہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

عوام دشمن پالیسیوں پر شدید تنقید، پانی کا مسئلہ فوری حل کرنے کا مطالبہ

سری نگر (کے پی آئی) جموں وکشمیر کے ضلع کپواڑہ میں خواتین اور بچوں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے قابض بھارتی انتظامیہ کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا ہے۔ ضلع کے علاقے کرالپورہ کے رہائشیوں نے پینے کے پانی کی عدم دستیابی کے خلاف سخت (بقیہ 09 صفحہ 03)

سردار شازیب شبیر کو ممتاز احمد خان کی مبارکباد

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار ممتاز احمد خان نے سردار شازیب شبیر کو سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ سردار شازیب شبیر اپنی فہم و فراست محنت اور ٹیم ورک سے تنظیم کو جدید خطوط پر استوار کریں گے۔ سردار ممتاز نے کہا کہ سدھن ایجوکیشنل کانفرنس نے ہمیشہ سدھن قبیلہ اور (بقیہ 10 صفحہ 03)

سرینگر، 3 سو کشمیریوں کو دوسری جیل منتقل کرنے کا منصوبہ

اسپھالہ، پونچھ، راجوری اور ادھمپور کی دور دراز جیلوں میں منتقل کیا جائیگا

سری نگر (کے پی آئی) شمالی کشمیر کے بارہ مولا جیل میں قید 300 سے زائد کشمیری نوجوانوں کو انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے دوسرے جیلوں میں منتقل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ بارہ مولا جیل کے سپرنٹنڈنٹ برکت الدین قیدیوں کو تشدد کا نشانہ بناتا ہے ان سے بھتہ وصول کرتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق بھتہ نہ

لاہور ہائیکورٹ، احتجاج پر برطرف ہونیوالے کو بحال کرنے کا حکم

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے ساہیوال اسپتال آتشزدگی واقعہ میں ڈاکٹرز کی برطرفیوں کیخلاف احتجاج کرنے پر نکالے گئے ہڑتالی ڈاکٹرز کو بحال کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے ساہیوال اسپتال آتشزدگی واقعہ میں ڈاکٹرز کی برطرفیوں کیخلاف احتجاج کے کیس میں برطرف ہڑتالی ڈاکٹرز (بقیہ 11 صفحہ 03)

63 سالہ خاتون کو پاکستان سے واپس لانے کا حکم معطل

بھارتی وزارت داخلہ کی اپیل پر مقبوضہ کشمیر ہائی کورٹ کا نیا حکم جاری

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت کی اپیل پر پاکستان ڈی پورٹ کی جانے والی 63 سالہ خاتون کو واپس مقبوضہ کشمیر لانے کا عدالتی حکم معطل کر دیا گیا ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ نے سنگل بنچ کے حکم پر عمل درآمد روک دیا ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر اور لداخ (بقیہ 12 صفحہ 03)

مظفرآباد: ایڈیشنل SSP سید رضا الحسن گیلانی سے پی پی رہنما راجہ فہد جمیل ملاقات کر رہے ہیں

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کو محکمہ برقیات کے آپریشن ڈویژن مظفرآباد 2 بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

میدانِ کربلا کی شہادتیں درسِ انقلاب ہے، لیاقت بلوچ

امام حسینؓ نے باطل نظام کے خلاف کھڑے رہنے کا درس دیا، خطاب

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ میدان کربلا کی شہادتیں درس انقلاب ہے، امام حسینؓ نے باطل نظام (بقیہ 22 صفحہ 03)

لاہور، سوشل میڈیا پر اشتعال انگیزی پر 74 افراد گرفتار

سائبر پٹرولنگ سیل کی جانب سے نگرانی کا عمل سخت کیا گیا، داخلہ

لاہور (صباح نیوز) محکمہ داخلہ پنجاب کے سائبر پٹرولنگ سیل نے 932 سوشل میڈیا اکاؤنٹس پی ٹی اے کو رپورٹ کر دیے، سوشل میڈیا پر اشتعال انگیزی پر پنجاب میں چوہتر افراد گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سائبر پٹرولنگ سیل سوشل (بقیہ 21 صفحہ 03)

سانحہ سوات، سیاحوں کی حفاظت ودیگر امور پر رپورٹ طلب

وجوہات جاننے کیلئے تمام پہلوؤں کو باریک بینی سے جانچا جائیگا، عدالت

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائیکورٹ نے سانحہ سوات کیس میں سیاحوں کی حفاظت اور دیگر متعلقہ امور پر رپورٹ طلب کر لی، سماعت کے دوران انکوائری کمیٹی کے چیئرمین نے اہم (بقیہ 20 صفحہ 03)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق محکمہ برقیات کے آپریشن ڈویژن مظفرآباد 2 کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کی ماہ جون کی کارکردگی رپورٹ

جسٹس انعام منہاس پہلے، جسٹس محسن، جسٹس اعظم دوسرے نمبر پر ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ کی ماہ جون کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی جس کے مطابق مقدمات نمٹانے کی لسٹ میں جسٹس انعام امین منہاس پہلے اور قائم مقام چیف جسٹس تیسرے نمبر پر رہے۔ جون 2025 کے دوران اسلام آباد ہائیکورٹ نے مجموعی (بقیہ 19 صفحہ 03)

صومالیہ، فوجی ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 5 اہلکار ہلاک، 3 زخمی

ہیلی کاپٹر گرتے ہی زوردار دھماکے، آگ بھڑک اٹھی، عینی شاہدین

موغادیشو (صباح نیوز) صومالیہ کے دارالحکومت موغادیشو میں آدن ادی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر افریقی یونین کے ایک فوجی ہیلی کاپٹر حادثے میں 5 اہلکار ہلاک اور 3 شدید زخمی ہوگئے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہیلی کاپٹر نے بالی ڈوگل ایئرفیلڈ سے پرواز بھری تھی اور لینڈنگ سے کچھ لمحے قبل آدن ادی ایئرپورٹ پر گر کر تباہ ہوا۔ ہیلی کاپٹر گرتے ہی اس میں زوردار دھماکے ہوئے (بقیہ 18 صفحہ 03)

عدم اعتماد کی کوئی تجویز زیر بحث نہیں، عرفان صدیقی

گورنر، وزیراعظم کی ملاقات کو سازش سے عبارت کرنا درست نہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ تحریک عدم اعتماد سے متعلق کوئی تجویز کسی اعلیٰ سطح پر زیر بحث نہیں، عدم اعتماد ایک آئینی اور قانونی چیز ہے، بانی پی ٹی آئی خود اس کا شکار رہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ گورنر کی وزیراعظم کے ساتھ ملاقات کو سازش سے عبارت کرنا درست نہیں، کوئی ایسا حربہ نہیں کریں گے (بقیہ 17 صفحہ 03)

انڈونیشیا، کشتی ڈوبنے سے 2 افراد بحق، 43 لاپتہ

لاپتہ افراد کی تلاش جاری، ریسکیو آپریشن میں شدید مشکلات کا سامنا

جکارتہ (صباح نیوز) انڈونیشیا میں کشتی ڈوبنے سے 2 افراد جاں بحق اور 43 لاپتہ ہوگئے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حادثے کا شکار کشتی انڈونیشیا کے جاوا جزیرے کے جنوبی ساحل سے بالی جا رہی تھی، ریسکیو حکام کے مطابق کشتی میں 65 افراد سوار تھے، 20 افراد کو ریسکیو (بقیہ 16 صفحہ 03)

ہائیکورٹ، علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت میں توسیع

عدالت کی متعلقہ اداروں کو مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت میں توسیع کر دی۔ جمعرات کو پشاور ہائیکورٹ میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت میں توسیع کی درخواست پر بھی سماعت ہوئی۔ جسٹس صاحبزادہ اسداللہ اور جسٹس (بقیہ 15 صفحہ 03)

ٹرمپ عافیہ کو رہا کر کے امریکا کو عظیم بنا دیں، فوزیہ صدیقی

مظلوم عافیہ کے آنسو امریکی جشن آزادی کی چکا چوند کو دھندلا رہے ہیں

کراچی (صباح نیوز) قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن اور گلوبل عافیہ موومنٹ کی سربراہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے 4 جولائی کو امریکا کے 249 ویں یوم آزادی کے موقع پر امریکی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے یاد دلایا ہے کہ اگرچہ امریکا انسانی حقوق اور آزادیوں کا عالمگیر داعی ہے لیکن جب (بقیہ 14 صفحہ 03)

پیپلز پارٹی کی بنیادوں میں شہدا کا لہو شامل ہے، ماجد رزاق

سردار تنویر الیاس کی پارٹی میں شمولیت جماعت کی مضبوطی کی عکاس ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے و آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر سردار ماجد رزاق ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی بنیادوں میں شہدا کا لہو شامل ہے، محترمہ بینظیر بھٹو نے پاکستان میں آمریت کے خاتمے اور جمہوریت کی بحالی کے لئے لازوال جدوجہد کی، آصف زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگا (بقیہ 13 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر، ہندوؤں کی امرناتھ یاترا سیکیورٹی آپریشن میں بدل گئی

پہلگام اور جموں شہر کو فوجی نگرانی میں تبدیل کر دیا گیا، ہزاروں فوجی تعینات، علاقے میں شدید خوف و ہراس

جگہ جگہ چیک پوسٹس، سڑکوں پر مسلسل تلاشی، اور مشتبہ افراد کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری، علاقہ، ماحول کو شدید نقصان

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں ہندوؤں کی امرناتھ یاترا مذہبی سرگرمی کے بجائے اب ایک سیکیورٹی آپریشن میں تبدیل ہوگئی ہے۔ سالانہ امرناتھ یاترا کا آغاز جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے سخت حفاظتی انتظامات میں ہوا۔ یاتری جموں سے مقبوضہ کشمیر کے جنوب میں پہلگام جائیں گے۔ یاترا 270 کلومیٹر طویل سری نگر جموں ہائی وے کے ذریعے جاری رہے گی، جسے مکمل طور پر بھارتی فوج، پولیس، اور سی آر پی ایف نے گھیرے میں لے رکھا ہے۔ موڑ، پلوں، سرنگوں، ریلوے ٹریکس سمیت پورا راستہ خاردار تاروں اور سنائپرز کی نگرانی میں ہے۔ اسٹریٹجک اہمیت کے حامل تمام مقامات پر (بقیہ 23 صفحہ 03)

پشاور ہائیکورٹ، ترقیاتی عمل کی تفصیلات، سکیورٹی پلان طلب

سڑک مکمل کرنے کیلئے 7 ارب روپے درکار ہیں، حکام این ایچ اے

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ جنوبی اضلاع میں مجھیل ہائی وے کی خستہ حالی، تاخیر اور سکیورٹی کی ناقص صورتحال پر شدید برہم ہوگئے، عدالت نے کیس کی آئندہ سماعت پر ترقیاتی عمل کی تفصیلات اور سکیورٹی پلان طلب کر لیا۔ ہائی کورٹ میں جنوبی اضلاع کی سڑکوں کی صورتحال سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس نے کہا کہ ہائی وے پر کبھی کام (بقیہ 25 صفحہ 03)

علی امین کیخلاف سازش کیلئے اپنے ہی لوگ ہی کافی ہیں، فیصل کریم

کراچی (صباح نیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کے خلاف سازش کے لیے ان کے اپنے لوگ ہی کافی ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 24 صفحہ 03)

سانحہ سوات، ڈی جی ریسکیو کمیٹی کے سامنے پیش

جب واقعہ ہوا آپ کہاں تھے؟، کمیٹی کا ڈی جی ریسکیو سے سوال

پشاور (صباح نیوز) ڈی جی ریسکیو خیبر پختونخوا شاہ فہد سانحہ دریائے سوات سے متعلق بنی انکوائری کمیٹی کے سامنے پیش ہوگئے۔ انکوائری کمیٹی نے ڈی جی ریسکیو سے سوال کیا کہ جس وقت واقعہ ہوا آپ کہاں تھے؟۔ ڈی جی ریسکیو شاہ فہد نے جواب دیا کہ جس وقت واقعہ پیش آیا، میں پشاور میں تھا۔ کمیٹی نے سوال کیا کہ ریسکیو اہلکاروں نے سیلاب میں پھنسے افراد کو بچانے کے لیے کیا (بقیہ 27 صفحہ 03)

دیر، گھر میں گھس کر فائرنگ، جے یو آئی رہنما مفتی حبیب اللہ حقانی قتل

دیر (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع دیر میں جمعیت علمائے اسلام (ف) تحصیل براول کے امیر مفتی حبیب اللہ حقانی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے کہا کہ نامعلوم مسلح افراد نے گھر کے اندر گھس کر گولی مار کر شہید کر دیا تھا۔ مسلح افراد (بقیہ 26 صفحہ 03)

جامعہ پونچھ کے پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار ریٹائر، خدمات پر خراج تحسین

ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز سمیت اہم عہدوں پر فائز رہے، ہائر ایجوکیشن کمیشن سے بڑے ریسرچ پروجیکٹ بھی جیتے

جامعہ میں گزرے لمحات زندگی کا اثاثہ، ڈاکٹر کھوکھر، خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائینگی، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر امتیاز ودیگر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے سابقہ ڈین، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار حسین کھوکھر کی ریٹائرمنٹ پر ان کے اعزاز میں حالیہ ڈین پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد کی زیر صدارت پروقار الوداعی تقریب اور عشائیہ کا انعقاد کیا گیا۔ الوداعی تقریب میں جامعہ کی اعلیٰ انتظامیہ، فیکلٹی ممبران، ڈین صاحبان سمیت یونیورسٹی ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر ذوالفقار کھوکھر ڈین ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز سمیت اہم انتظامی عہدوں پر فائز رہے۔ جبکہ اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین، کنٹرولر امتحانات (بقیہ 28 صفحہ 03)

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

تحریک سیاسی و سماجی رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ میونسپل
کارپوریشن کی جانب سے عوامی ٹیکس کے پیسے سے چلنے
والی ترقیاتی اسکیموں کی تفصیلات مسلسل چھپائی جا رہی ہیں،
حالانکہ یہ فنڈز عوام کا حق ہیں نہ کہ کسی کی ذاتی
خیرات۔ اجلاس میں طے پایا کہ اگر میئر سردار نعیم 10
جولائی تک تمام ترقیاتی اسکیموں اور فنڈز کی مکمل تفصیلات
منظر عام پر نہ لائے تو 12 جولائی کو تمام سیاسی جماعتیں
باہمی مشاورت سے آئندہ کا سخت لائحہ عمل جاری کریں
گی۔ سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا کہ سوال یہ ہے
کہ آخر میئر صاحب کس بات کی پردہ پوشی کر رہے ہیں؟ اگر
فنڈز درست استعمال ہوئے ہیں تو تفصیلات جاری کرنے
میں رکاوٹ کیوں؟؟؟ اس موقع پر قیصر اعجاز کی سربراہی
میں سات رکنی ایکشن کمیٹی بھی قائم کی گئی، جو معاملے کو منطقی
انجام تک پہنچانے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ
کرے گی۔ شرکاء نے ایم ایل اے حسن ابراہیم سے
بھی مطالبہ کیا کہ وہ اپنی اسکیموں کی تفصیلات عوام کے
سامنے لائیں کیونکہ یہ تمام فنڈز عوامی خزانے سے جاری
ہوئے ہیں، نہ کہ کسی خاندان یا جماعت کی ملکیت
ہیں۔ اجلاس میں جن نمایاں سیاسی شخصیات نے شرکت کی
ان میں عدنان رزاق (امیر جماعت اسلامی حلقہ سٹی)،
حاجی نواز حیات (صدر مسلم کانفرنس سٹی)، مسعود صدیق
(جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن ون کارپوریشن)، ذوالفقار
عارف (نیشنل عوامی پارٹی)، ڈاکٹر عرفان (سابق امیدوار
اسمبلی جمعیت علماء اسلام)، نجیب ریاض (سابق سینئر
نائب صدر سٹی) اور ڈاکٹر ارشاد (نائب صدر مسلم لیگ ن
سٹی) شامل تھے۔ میئر سردار نعیم کا تعلق جموں کشمیر پیپلز پارٹی
سے ہے، جو مرحوم سردار خالد ابراہیم خان کی جماعت رہی
ہے۔ ان کے طرز حکمرانی پر اٹھنے والے سوالات جمہوری
شفافیت کے لیے بڑا چیلنج بن چکے ہیں۔

بقیہ 2

معمولی زخمی ہوئے تاہم خوش قسمتی سے پولیس اہلکار محفوظ
رہے۔ پولیس کے مطابق بارودی مواد تھانے کے ساتھ
موجود نالے میں گرا، جس کے باعث دھماکے کی شدت
محدود رہی۔ زخمیوں کو فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا
گیا۔ زخمی ہونے والے شہریوں کی شناخت مبارک خان
اور نعیم اللہ جان کے نام سے ہوئی۔ تھانہ میریان پر اس سے
قبل بھی حملے کیے جا چکے ہیں، تاہم ان حملوں میں بھی کوئی
جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پولیس
اہلکار الرٹ تھے جس کے باعث بڑی تباہی سے بچا جا سکا۔

بقیہ 3

کسی بھی شہری کو گھر یا باہر سے محض شک کی بنیاد پر گرفتار کر
سکتا ہے اور گرفتار کیے گئے شہری کے اہل خانہ کو اطلاع نہیں
دی جاتی نہ ہی اسے قانونی امداد حاصل کرنے کی اجازت
ہوتی ہے۔ پی ایس اے کے تحت بغیر عدالتی سماعت کے کم
سے کم دو سال تک کسی کو بھی بلا الزام قید کیا جا سکتا ہے۔
متعدد کمسن بچوں کو بھی اب تک اس قانون کے تحت قید کیا جا
چکا ہے۔ پولیس نے ضلع کولگام کے رہائشی ڈاکٹر عبدالباری
نائیک پر کالا قانون پبلک سیفٹی ایکٹ لاگو کر دیا
ہے۔ معروف استاد اور سماجی کارکن ڈاکٹر باری کو تھانے
میں طلب کرنے کے بعد وہاں حراست میں لیا گیا اور بعد
ازاں ان پر کالا قانون لاگو کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالباری کے
رشتہ داروں نے ذرائع ابلاغ کو بتایا کہ انہیں پیر کے روز سری نگر
کے ایک تھانے میں طلب کیا گیا جہاں انہیں حراست میں
لیا گیا اور ان کے خلاف پی ایس اے کے تحت مقدمہ درج کیا
گیا۔